PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کی جنرل کونسل کا اجلاس ختم

لاہور، 30ستمبر 2019ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل کی جنرل کونسل کا اجلاس کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کی۔ اجلاس میں تمام فرنچائززکے نمائندگان نے شرکت کی۔

اجلاس کے دوران پی سی بی اور فرنچائزز نے ایک بار پھر ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے تمام میچز پاکستان میں کروانے پر مکمل اتفاق کیا ہے۔

اجلاس میں دیگر اہم اموپر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جن میں ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی ڈرافٹنگ کی مجوزہ تاریخ اور گذشتہ ایڈیشن کے ریونیوکی تقسیم کا جائزہ لینا شامل تھا۔

اجلاس میں پی سی بی اور فرنچائز ز کے درمیان تمام زیرالتواء امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ اجلاس میں واضح روڈ میپ تیار کرکے فیصلہ کیا گیا ہے کہ تمام حل طلب امور کو جلد نمٹایا جائے گا۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی :

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان کا کہنا ہے کہ فرنچائزز کے ساتھ آج ہونے والی ملاقات میں سیرحاصل گفتگو ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرنچائز نمائندگان ہمارے ساتھی ہیں اورہم ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے تمام میچز پاکستان میں کروانے پر مکمل اتفاق رکھتے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی نے کہاکہ لیگ کی تیاریوں کا آغاز جلد شروع کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 میں دنیا بھر میں موجود کرکٹ کے مداحوں کو بہترین کرکٹ دیکھنے کو ملے گی۔

علاوہ ازیں ایچ بی ایل پی ایس ایل کے آئندہ ایڈیشن میں دنیا بھر سے نامور کھلاڑی شرکت کریں گے۔ اجلاس کے دوران کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کے عمل پر تازہ ترین تفصیلات کا بھی تبادلہ کیا گیا ۔

اجلاس کے دوران ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے شیڈول اور براڈ کاسٹ پلان پر تفصیلی گفتگو کی گئی ۔جس کی تفصیلات مناسب وقت پر جاری کردی جائیں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners